# "کنز الدقائق"

## (طویل سوالات)

**سوال:** حج فرض ہونے کی شرائط تحریر فرمائیں؟

**جواب:** حج فرض ہونے کی 8 شرائط ہیں۔

| | |
|---|---|
| 1 آزاد ہونا | 2 بالغ ہونا |
| 3 عاقل ہونا | 4 صحت مند ہونا |
| 5 مسلمان ہونا | 6 زاد راہ اور سواری پر قدرت ہونا |
| 7 آنے جانے کا نفقہ ہونا | 8 راستے کا امن والا ہونا۔ |

(عورت کے محرم کا ہونا)

**سوال:** عورت احرام میں مرد سے کتنی چیزوں میں مشابہت نہیں کرے گی؟

**جواب:** عورت احرام میں مرد سے مندرجہ ذیل چیزوں میں مشابہت نہیں کرے گی۔

عورت احرام میں سر کو ڈھانپے گی۔

نہ ہی اونچی آواز میں تلبیہ کہے گی

نہ ہی رمل کرے گی

نہ ہی عورت صفا و مروہ کے درمیان دوڑے گی

نہ ہی عورت حلق کروائے گی۔

اور عورت سلا ہوا لباس پہنے گی۔

سوال: دم واجب ہونے کی ۱۰ صورتیں تحریر فرمائیں، نیز دو دم ایک ساتھ واجب ہونے کی صورتیں بھی تحریر فرمائیں۔

جواب:

## دم واجب ہونے کی ۱۰ صورتیں:-

1) محرم کا کامل عضو کو خوشبو لگانا۔
2) سلا ہوا لباس پہننا۔
3) ایک پورا دن سر کو ڈھانپنے سے
4) سر یا داڑھی کو مہندی لگانا۔
5) چوتھائی سر یا بالوں کو حلق کرنے سے
6) پچھنے لگوانے سے
7) طواف رکن محدث حالت میں کرنا
8) طواف زیارہ سے پہلے حلق کے بعد جماع کرنا۔
9) بغل کے بال صاف کرنے سے
10) گردن کے بال صاف کرنے سے

## دو دم ایک ساتھ واجب ہونے کی صورتیں:-

1) محرم نے طواف رکن جنبی حالت میں کیا اور طواف صدر پاکی کی حالت میں ایام تشریق کے آخر میں۔
2) حج قران کرنے والے نے ذبح سے پہلے حلق کروایا تو اس صورت میں دو دم لازم آ گئیں
3) ہر وہ کام جسکو کرنے سے حج افراد کرنے والے پر ایک دم لازم آتا ہے۔ تو وہ کام کرنے سے حج قران کرنے والے پر دو دم ہو گئیں

سوال: احرام کی حالت میں کن صورتوں میں جانور کو قتل یا زخمی کرنے سے ضمان ہوگا اور کن صورتوں میں قیمت ہوگی اور کن صورتوں میں کچھ بھی لازم نہیں آئے گا؟

جواب:
## ضمان کی صورتیں:-

محرم نے جانور کو زخمی کیا یا عضو کو کاٹا یا بالوں کو اکھیڑا۔ تو ان صورتوں میں محرم پر ضمان لازم آئے گا۔ جتنا نقصان ہوا

## قیمت لازم ہونے کی صورتیں:-

محرم نے جانور کے پروں کو اکھیڑا یا پاؤں کو کاٹا یا دودھ دوہا یا پرندہ کا انڈہ توڑا یا انڈے کو توڑنے کے سبب ایسے مردہ چوزہ نکلا۔ تو ان صورتوں میں محرم پر قیمت لازم ہوگی

## کچھ بھی واجب نہ ہونے کی صورتیں:-

کوے، چیل، بھیڑیا، سانپ، بچھو، چوہا، کاٹنے والے کتے، مچھر، چیونٹی، پسو، چیچڑ، کچھوا۔ ان کو قتل کرنے کے سبب کچھ لازم نہیں ہوگا۔

## صدقہ:-

جو ٹڈی کو قتل کرنے کے سبب صدقہ دے جتنا چاہے۔

تنبیہ = چیر پھاڑ کرنے والے جانور کو قتل کے سبب بکری لازم آئے گی

لیکن اگر وہ جانور حملہ کرے تو اس صورت میں قتل کے سبب کچھ بھی لازم نا ہوگا. بخلاف مضطر کے کہ مضطر بکری دے گا.

**محرم کے لئے جائز ہے.** بکری، گائے، اونٹ، مرغی یا پالتو بطخ کو ذبح کرنا.

**جزاء لازم ہونے کی صورتیں :-**

جنگلی وہ پرندہ (کبوتر) جسکے پاؤں پر بال ہو (جنگلی) یا ہرن، گھر بلو کو ذبح کے سبب جزاء لازم ہوگی.

**نوٹ** = حرم کی گھاس کو یا ایسے درخت کو جو غیر مملوک ہو اور لوگ اسے اگاتے بھی نا ہوں. ان کو کاٹنے کے سبب قیمت کا ضمان ہوگا.

خشک گھاس کاٹنے کے سبب کچھ لازم نا ہوگا.

حرم کی گھاس میں بکریاں چرانا اور کاٹنا حرام ہے سوائے اذخر (جڑی بوٹی) کے.

سوال: محصر بالحج، محصر بالحج القران، محصر بالعمرۃ کو پابندی احرام سے نکلنے کے لئے کیا کرنا ہو؟

جواب:

## محصر بالحج:

محصر بالحج حرم کی طرف ایک جانور (بکری) بھیجے گا۔ جو کہ قربان کیا جائے گا محصر کی طرف سے۔ (اس قربانی کے لئے یوم نحر کا انتظار کرنا لازم نہی بلکہ حرم پہنچتے ہی اسکو قربان کیا جائے گا)

محصر بالحج پر ایک حج اور عمرہ بھی لازم ہوگا

## محصر بالحج القران :-

محصر بالحج القران، حرم کی طرف دو بکریاں بھیجیگا۔ جو اس کی طرف سے قربان کی جائیں گی۔

محصر بالحج القران پر ایک حج اور دو عمرے لازم آئیں ہیں۔

## محصر بالعمرۃ :-

محصر بالعمرۃ پر صرف عمرے کی قضاء لازم ہو گی۔

سوال نکاح کے گواہان کی شرائط تحریر فرمائیں؟

جواب **شرائط:-**

دو آزاد مرد، یا ایک آزاد مرد اور دو عورتیں، دونوں عاقل، بالغ، مسلمان ہوں، اگرچہ فاسق یا محدود فی القذف ہوں یا اندھے ہوں یا اگرچہ دونوں عاقدین کی اولاد ہوں۔

سوال جن سے نکاح حرام ہے۔ وہ تحریر فرمائیں (کوئی 12)؟

جواب **محرمات:-**

ماں، بہن، بیٹی، بھانجی، بھتیجی، خالہ، پھوپھی، ساس، بہو، سوتیلی ماں، اس بیوی کی بیٹی جس بیوی سے اسنے دخول کیا، دو بہنوں کو ایک نکاح میں جمع کرنا، معتدہ کی بہن، کتبیہ، سیدیہ، مجوسیہ، وثنیہ۔

سوال کفو کا اعتبار کتنی اور کون کونسی چیزوں میں ہوگا؟

جواب کفو کا اعتبار چھ چیزوں میں ہوگا۔

1. نسب
2. حریت
3. اسلام
4. دیانت
5. مال
6. حرفہ

سوال: مہر مثل لازم ہونے کی صورتیں تحریر فرمائیں

جواب: **مہرِ مثل لازم ہونے کی صورتیں یہ**

۱) اگر مہر مقرر نہ کیا گیا یا مہر کی نفی کر دی گئی تو مہر مثل لازم ہو گا۔ اگر وطی کر لی یا مرد فوت ہو گیا

۲) نکاح شغار میں مہر مثل لازم ہو گا۔

۳) تعلیم قرآن کو مہر بنایا گیا تو۔ اس صورت میں مہر مثل لازم ہو گا۔

۳) اگر مرد نے عورت سے نکاح کیا (علی ھذا العبد او علی ھذا العبد) تو مہر مثل کا حکم ہو گا

۴) ثوب کی شرط پر نکاح ہوا۔ تو مہر مثل ہو گا۔

۵) خمر کی شرط پر نکاح ہوا۔ تو مہر مثل ہو گا۔

۶) خنزیر کی شرط پر نکاح ہوا۔ تو مہر مثل ہو گا۔

۷) نکاح فاسدہ میں وطی کے سبب مہر مثل لازم ہو گا۔

۸) اگر زوجین نے قدر مہر میں اختلاف کیا تو مہر مثل کا حکم دیا جائے گا۔

۹) اگر سرکہ کی شرط پر نکاح ہوا۔ تو وہ سرکہ شراب تھا۔ تو مہر مثل ہوگا۔

۱۰) اگر غلام کی شرط پر نکاح ہوا۔ تو وہ غلام آزاد تھا تو مہر مثل ہوگا۔

۱۱) اگر مرد نے عورت سے نکاح کیا ایک ہزار کے بدلے اس شرط پر کہ وہ اس عورت کو شہر سے باہر نہیں نکالے گا یا وہ دوسری شادی نہیں کرے گا۔ تو اس صورت میں اگر مرد نے وعدہ وفا نہ کیا تو مہر مثل ہوگا۔

۱۲) اگر مرد نے عورت سے نکاح کیا دو ہزار کے بدلے کہ وہ عورت کو شہر سے باہر نکالے گا۔ اگر یہ وعدہ پورا نا کیا تو مہر مثل ہوگا۔

**نکاحِ شغار:-** ایک شخص نے اپنی لڑکی یا بہن کا نکاح دوسرے سے کر دیا اور دوسرے نے اپنی لڑکی یا بہن کا نکاح اس سے کر دیا اور ہر ایک کا مہر دوسرا نکاح ہے۔ ایسا کرنا گناہ و منع ہے اور مہر مثل واجب ہوگا۔

**حج میں بدنہ لازم ہونے کی صورتیں:**

۱) طواف رکن (زیادہ) جنبی حالت میں کرنا۔

۲) وقوف عرفہ کے بعد وطی کرنا۔

(2)